77

آیت نمبر 44

آیات 44 تا 50 نمبر میں یہود کی بعض شرارتوں کا ذکر، انہیں ایمان لانے کی دعوت اور انکار کی صورت میں اہل سبت جیسے عذاب کی دھمکی۔ اللہ کی طرف سے یہ اعلان کہ شرک کی کوئی معافی نہیں ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَ
يُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں
کتاب کے علم کا ایک حصہ عطا کیا گیا ہے؟ وہ خود تو ضلالت کے خریدار بنے ہوئے ہیں
اور چاہتے ہیں کہ تم بھی سیدھے راستے سے بھٹک جاؤ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ
وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّ كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ اور اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب
جانتا ہے، اور صرف اللہ ہی کافی ہے تمہاری حمایت کے لئے اور صرف اللہ ہی کافی ہے
تمہاری مدد کے لئے مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَ
يَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَ عَصَيْنَا وَ اسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّ رَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ
وَ طَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ اور یہودیوں میں سے کچھ لوگ وہ ہیں جو دین پر طعنہ زنی کی
غرض سے اپنی زبانیں مروڑ کر الفاظ کو اپنے اصلی مقامات سے ہٹا دیتے ہیں اور کہتے
ہیں کہ "سَمِعْنَا وَ عَصَيْنَا یعنی ہم نے سن لیا اور نہیں مانا"، اور یہ بھی کہتے ہیں کہ "اِسْمَعْ
غَيْرَ مُسْمَعٍ یعنی آپ سنیئے آپ نہ سنوائے جائیں" اور "رَاعِنَا یعنی ہماری رعایت کر" وَ
لَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا وَ اسْمَعْ وَ انْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَ
اَقْوَمَ ۙ وَ لٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ حالانکہ

اگر وہ لوگ بجائے ذو معنی الفاظ استعمال کرنے کے اس کی جگہ یہ کہتے کہ "سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا
یعنی ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی" اور اسْمَعْ وَ انْظُرْنَا یعنی ہماری گزارش سنئے اور
ہماری طرف توجہ فرمایئے "تو یہ کہنا اُن کے حق میں بہتر ہوتا اور ان کی یہ بات درست
اور مناسب ہوتی، لیکن ان کے کفر کی وجہ سے اللہ نے ان کو اپنی رحمت سے دور کر دیا
ہے اس لئے وہ کم ہی ایمان لاتے ہیں یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا
بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى
اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَ كَانَ اَمْرُ اللّٰهِ
مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ اے وہ لوگوں جنہیں کتاب دی گئی ہے! اِس کتاب پر بھی ایمان لے آؤ
جو ہم نے اب محمد ﷺ پر اتاری ہے اور جو اُس کتاب کی تصدیق و تائید کرتی ہے جو
تمہارے پاس پہلے سے موجود ہے، قبل اس کے کہ ہم تمہارے چہروں کے نقوش کو
مٹا کر انہیں پشت کی طرف پھیر دیں یا ان پر اسی طرح لعنت کر دیں جس طرح ہم
نے اصحاب سبت کو ملعون کیا تھا اور بہر حال اللہ کا حکم تو پورا ہو کر ہی رہتا ہے اِنَّ
اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ مَنْ
یُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى اِثْمًا عَظِیْمًا ﴿۴۸﴾ بیشک اللہ اِس بات کو نہیں بخشے گا
کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے، البتہ شرک سے کمتر درجہ کے گناہوں
کو جس کے لئے چاہتا ہے بخش دیتا ہے، اور حقیقت بھی یہی ہے کہ جس نے اللہ کے
ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہرایا وہ واقعی ایک عظیم گناہ کا مرتکب ہوا ہے اَلَمْ تَرَ

اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ
فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو بڑا پاکیزہ ظاہر کرتے
ہیں، حالانکہ یہ تو اللہ ہی کی شان ہے کہ جسے چاہے پاکیزہ کر دے اور ان پر ایک
دھاگہ کے برابر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۰﴾ آپ دیکھئے یہ اللہ تعالیٰ پر کیسے جھوٹا بہتان
باندھ رہے ہیں، اور ان کے صریحاً گناہگار ہونے کے لئے یہی ایک گناہ کافی ہے یہود
اپنے آپ کو اللہ کا بہت چہیتا کہتے تھے، اسی طرح نصاریٰ کا کہنا تھا کہ ہمارے سارے گناہوں کا
کفارہ عیسیٰ علیہ السلام دے چکے ہیں رکوع [۷]

[# 77]

Verses 44 to 50 mention some wickedness of the Jews. Invitation to them to embrace faith, and in case of refusal, a warning of punishment, akin to the punishment of the Sabbath-breakers. Declaration by Allah that there is no forgiveness for the sin of polytheism.

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ
الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿٤٤﴾

Have you not considered those, to whom a portion of the scripture has been given? [Indeed] They have purchased misguidance [in exchange for heavenly truth] and now they desire that you too should go astray from the right path.

وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙۗ وَّ كَفٰى بِاللّٰهِ
نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

And Allah is aware of your enemies. And Allah is Sufficient as a Protector, and Allah is Sufficient as a Supporter.

مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَ
يَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَ عَصَيْنَا وَ اسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّ رَاعِنَا
لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَ طَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ

Among the Jews there are some who take words out of context and say, "we hear, and we disobey," and "Hear! but May you be unable to hear," and "Ra'ina," twisting their tongues and maligning the Faith.

وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا وَ اسْمَعْ وَ انْظُرْنَا لَكَانَ
خَيْرًا لَّهُمْ وَ اَقْوَمَ ۙ وَ لٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا
يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٤٦﴾

And if they had said, "We hear and we obey," and "listen and give us your attention" it would have been better for them, and more proper. But Allah has cursed them due to their disbelief. So, they do not believe except for a few.

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا
مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ
اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ
مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾

O you, who were given the Scripture, believe in what We have sent down [Now to Muhammad], confirming that which is already with you, before [the time comes when] We disfigure [their] faces and turn them toward their backs. Or curse them as We cursed the sabbath-breakers. And [know that] Allah’s command is always executed.

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ
يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

Indeed, Allah does not forgive [the sin of] associating partners with Him. But He forgives less than that for whom He wills. And whoever associates partners with Allah, has indeed committed a great sin.

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۭ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ
مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾

Have you not seen those who consider themselves to be pure? Rather, it is Allah who purifies whomever He so wills. And no injustice will be done to them, even as small as a thread of a date-stone.

اُنۡظُرۡ کَیۡفَ یَفۡتَرُوۡنَ عَلَی اللّٰہِ الۡکَذِبَ ؕ وَ کَفٰی بِہٖۤ اِثۡمًا مُّبِیۡنًا ﴿۵۰﴾ رکوع[۷]

Look how they have forged lies against Allah, and [only] this one sin is enough [for them to be guilty.]

The Jews used to claim that they were the beloved of Allah, while the Christians used to say that Jesus, has atoned for all our sins.